© rasailojaraid.com

(۳) مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی

# فضلائے حقانیہ کی تالیفی، تصنیفی اور اشاعتی خدمات

مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی 'فضلاء حقانیہ کے علمی' ادبی' تحریری' تصنیفی اور تالیفی خدمات پر کام کر رہے ہیں۔۔ علم و ادب' تحریر اور تصنیف و تالیف سے شغف رکھنے والے تمام فضلاء حقانیہ سے درخواست ہے کہ اپنا مختصر تعارف' خدمات اور تصنیفات و تالیفات کا تعارف مولانا موصوف کے نام بھیجیں تاکہ وہ اس عظیم تاریخی کام کو بہ سہولت آگے بڑھا سکیں۔

رابطہ ایڈریس : مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی' رکن القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ ------ (ادارہ)

## مولانا قاضی محمد نسیم حقانی ــــ مفتی غلام قادر نعمانی ــــ مولانا ضیاء الرحمٰن الکوثری

**مولانا قاضی محمد نسیم حقانی:** آپ کلاچی ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے مشہور قاضی خاندان جو ہمیشہ سے علم و عرفان کا گہوارہ رہا ہے، میں حضرت مولانا قاضی عبدالکریم صاحب مدظلہ فاضل دارالعلوم دیوبند کے گھر پیدا ہوئے۔

**ابتدائی تعلیم :** اپنے والد گرامی کے قائم کردہ گلشنِ علم مدرسہ عربیہ نجم المدارس کلاچی میں ناظرۂ قرآن، حفظِ قرآن اور درسِ نظامی کے کتب موقوف علیہ تک پڑھیں۔ دورۂ حدیث کے لئے ۱۴۰۰ھ بمطابق ۸۰،۱۹۷۹ء میں دیوبند ثانی جامعہ دارالعلوم حقانیہ میں داخلہ لیا اور اس وقت سلاطینِ علم اساتذہ میں محدث کبیر، فخر المحدثین، شیخ الحدیث مولانا عبدالحق، صدر المدرسین حضرت مولانا عبدالحلیم، حضرت مولانا محمد علی، شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد فرید مدظلہ اور جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے مہتمم شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق مدظلہ سے استفادہ کیا۔

**درس و تدریس :** فراغت کے بعد اپنی مادر علمی نجم المدارس میں اپنے والد گرامی فقیہ وقت حضرت مولانا قاضی عبدالکریم مدظلہ کے زیر نگرانی تخصص فی الفقہ شروع کیا۔ بعد ازاں طلبہ کے اژدحام کی وجہ سے درس و تدریس کے مبارک شعبہ سے منسلک ہوئے اور تاحال تدریسی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ تعلیمی، تبلیغی، عوامی اجتماعات میں وعظ و تقریر بھی فرماتے رہتے ہیں۔

**تصنیفات و تالیفات:** مولانا قاضی محمد نسیم حقانی نے درس و تدریس اور وعظ و تبلیغ اور خطاب و تقریر کے ساتھ ساتھ قلم سے بھی رشتہ جوڑے رکھا اور جن اہم موضوعات پر قلم اٹھایا تو لکھنے کا حق ادا کر دیا۔

۱) **تحفۂ حفاظ :** عام طور حفاظ کرام غیر عالم ہوتے ہیں اور انہیں نماز کے متعلق اہم مسائل کا علم نہیں ہوتا، اسی

© rasailojaraid.com